سوال

(49)کون ساخون حرام کیا گیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سورۃ المائدہ میں جوخون حرام کیا گیا ہے، اس سے کون ساخون مراد ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سورۃ المائدہ آیت 3 میں خون کو حرام کہا گیا ہے۔ اس سے ہر خون مراد نہیں بلکہ اس سے مراد وہ خون ہے جو جانور کے ذبح کے وقت نکلتا اور بہتا ہے جسے دم مسفوح کہتے ہیں۔ سورۃ الانعام (آیت: 145) میں (دَمًا مَّسْفُوحًا) کے الفاظ آئے ہیں۔ لہذا گوشت کے ساتھ جو خون لگا رہ جاتا ہے وہ حرام نہیں ہے۔

نیز کلیجی اور تلی (جوکہ خون ہیں) حدیث کی روشنی میں حلال ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

قرآن اور تفسیر القرآن، صفحہ: 149

محدث فتویٰ